۱۴ ذی الحجہ ۱۴۱۴ ھج
۲۶ ہجرت ۱۳۷۳ ھش
۲۶۔ مئی ۱۹۹۴ء

روزنامہ الفضل ربوہ
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
فون ۴۴۹۰
ایڈیٹر: نسیم سیفی

قدرتِ ثانیہ نمبر
جلد ۴۴ ـ ۷۹ نمبر ۱۱۵
جمعرات

قدرتِ ثانیہ قیامت تک کے لئے ہے

حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع کے ارشادات

میں جماعت احمدیہ کو مخاطب ہوں جن کی بھاری اکثریت کے متعلق میں جانتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ وہ تقویٰ پر قائم ہیں۔ اس لئے کہ خدا کا سلوک ان سے وہ ہے جو متقیوں سے کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ خدا کی وہ تائیدات ان کو نصیب ہیں جو متقیوں کو نصیب ہوا کرتی ہیں۔ پس دلوں پر تو میری کوئی نظر نہیں مگر خدا تعالیٰ کی فعلی شہادتیں بتا رہی ہیں کہ وہ متقیوں کی جماعت ہے جس کے ساتھ وہ مسلسل اس قدر کثرت کے ساتھ احسان اور رحمت اور فضلوں کا سلوک فرماتا چلا جارہا ہے۔ پس وہ متقی جو میرے مخاطب ہیں وہ اس بات کو خوب اچھی طرح سمجھ لیں گے کہ درحقیقت حضرت (بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) کے بعد جس قدرت ثانیہ کو خدا تعالیٰ نے قائم فرمایا وہ قیامت تک کے لئے ہے اور قیامت تک کے لئے غیر منقطع ہے............

پس قیامت تک کے لئے (امامت) سے اپنا دامن اس مضبوطی سے باندھ لیں کہ جیسے عروۂ وثقیٰ پر ہاتھ پڑ گیا ہو۔ جس کا ٹوٹنا مقدر نہیں ہے۔ ہو نہیں سکتا۔ پس آپ اگر (امامت) کے ساتھ رہیں گے تو (امامت) لازماً آپ کے ساتھ رہے گی اور یہی دونوں کا ساتھ ہے۔ جو توحید پر منتج ہو گا۔

(از خطبہ فرمودہ ۲۷۔ اگست ۱۹۹۳ء)

روزنامہ الفضل ربوہ | پبلشر: آغا سیف اللہ۔ پرنٹر: قاضی منیر احمد | قیمت
مطبع: ضیاء الاسلام پریس۔ ربوہ | چار روپیہ
مقام اشاعت: دارالنصر غربی۔ ربوہ

۲۶۔ ہجرت ۱۳۷۳ ھش ۲۶۔ مئی ۱۹۹۴ء

اللہ تعالیٰ کا فضل اور امام کی اطاعت

ترقی کے سلسلہ میں عام طور پر دن دوگنی رات چوگنی کا محاورہ استعمال کیا جاتا ہے۔ اور یہ بات اس وقت کہی جاتی ہے جب ترقی سرعت کے ساتھ ہو رہی ہو۔ لیکن ہمارا خیال ہے کہ جس سرعت کے ساتھ احمدیہ جماعت ترقی کر رہی ہے وہ دن دوگنی رات چوگنی سے کہیں زیادہ ہے۔ ۱۸۸۹ء میں احمدیت ایک شخص کی آواز تھی۔ اب ایک کروڑ سے زیادہ کی آواز بھی ہے اور دل کی دھڑکن بھی۔ ۱۸۸۹ء میں یہ آواز ایک ہلکے سے ارتعاش کے طور پر ایک چھوٹے سے قصبہ سے اٹھی تھی۔ اب یہ آواز دنیا بھر میں پھیل گئی ہے۔ کہاں ایک مقام سے دوسرے مقام تک آواز پہنچانا مشکل تھا کہاں اب ڈیڑھ سو کے قریب ممالک میں ڈش انٹینا ہر روز بارہ گھنٹے یا کم و بیش مصروف کار رہتا ہے اور اس آواز کو گھر گھر میں پہنچاتا ہے۔

یہ باتیں کون سوچ سکتا تھا۔ کسے یہ خیال آسکتا تھا کہ احمدیہ جماعت اس سرعت سے ترقی کرے گی۔ سوائے اس کے جسے خدا تعالیٰ بتائے۔

اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر کیا جائے کم ہے۔

اس ساری ترقی میں سب سے پہلے تو اللہ تعالیٰ کے فضل کا ہاتھ ہے۔ اسی کی تقدیروں نے یہ سب کچھ کر دکھایا ہے۔ اور اس کے بعد احمدیہ جماعت کی اپنے امام سے عقیدت، محبت اور اطاعت کا۔ حضرت امام کے قدم سے قدم ملا کر چلنے والی جماعت۔ ان کی ہدایات پر لبیک کہنے والی جماعت۔ ان کے ہر مطالبے کو دل و جان سے پورا کرنے والی جماعت اسی سرعت سے ترقی کا تقاضا کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی کی مخلصانہ محنت اور بے لوث نیت کو ضائع نہیں کرتا۔ پس اللہ تعالیٰ کا فضل اور حضرت امام جماعت سے عقیدت، محبت اور اطاعت نے یہ سب کچھ کر دکھایا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل کا بہت سا انحصار ہمارے رویہ پر ہے۔ ہم جیسے بھی ہوں گے اللہ تعالیٰ ویسا ہی ہم سے سلوک کرے گا۔ اور اس بات کے پیش نظر ہمیں ہر وقت یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسا بنائے کہ ہم ہمیشہ اس کے فضلوں کے وارث رہیں ہمارا ہر قدم ترقی کی طرف ہو۔ اور حضرت امام کے ساتھ شانہ بہ شانہ اور قدم بہ قدم چل کر احمدیت کی ترقی کا سامان بنتے رہیں۔

اے خدا تو ہمیں توفیق دے۔ توفیق دے اس بات کی کہ ہم ترے شکر گذار بندے بنیں۔ اور توفیق دے اس بات کی کہ ہم حضرت امام کی ہدایات پر لبیک کہنے والے اور اس پر دل و جان سے عمل کرنے والے ہوں۔

یہی ہماری ترقی۔ سرعت کے ساتھ ترقی۔ کا راز ہے۔

> جو لندن کے کسی محدود سے گوشے میں ہوتی ہیں
> زمیں کے ہر کنارے پر پہنچ جاتی ہیں وہ باتیں
> کسی خطہ میں کوئی وقت ہو احباب سنتے ہیں
> نہ حائل دن کے ہنگامے نہ خواب آور حسیں راتیں
>
> ابوالاقبال

○

ہم جس طرف بھی دیکھیں وہی راستہ بنے
لب پر جو لفظ آئے ہماری دعا بنے

ہم نے ہر ایک شخص کو دیکھا ہے پیار سے
دل میں جو بات آئے وہی رابطہ بنے

مَیلی نظر کسی کی نہ آئی ہمیں نظر
صرصر بھی ہو تو اپنے لئے وہ صبا بنے

چلنا ہمارا ہو گیا پرواز کی طرح
اپنی اڑان کے لئے ہم خود ہُوا بنے

ہم نے ہر ایک لہر سے سیکھا ہے اک سبق
طوفان رہ میں آئے تو وہ رہنما بنے

اس کارواں کی روحِ تسلسل کا ہے کمال
دیوار و کوہسار گرے راستہ بنے

تم نے ہمارا حال نہ پوچھا تو کیا ہوا
تم کب کسی کے واسطے وجہِ شفا بنے

صحراؤں میں سفر کوئی آسان تو نہ تھا
کچھ نقشِ پا تھے ایسے جو مشکل کُشا بنے

کب تک بھٹک بھٹک کے گذارو گے زندگی
دیکھو اک ایسے شخص کو جو ناخدا بنے

لگتا ہے میرے شعر خموشی کا ہیں ثبوت
میں کیا کروں نسیم کہ کوئی صدا بنے

نسیم سیفی

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے منتخب اشعار

اے خدا اے کارساز و عیب پوش و کرد گار
اے مرے پیارے مرے محسن میرے پروردگار

کس طرح تیرا کروں اے ذوالمنن شکر و سپاس
وہ زباں لاؤں کہاں سے جس سے ہو یہ کاروبار

کام جو کرتے ہیں تیری رہ میں پاتے ہیں جزا
مجھ سے کیا دیکھا کہ یہ لطف و کرم ہے باربار

تیرے کاموں سے مجھے حیرت ہے اے میرے کریم
کس عمل پر مجھ کو دی ہے خلعتِ قرب و جوار

دوستی کا دم جو بھرتے تھے وہ سب دشمن ہوئے
پر نہ چھوڑا ساتھ تو نے اے مرے حاجت برار

اے مرے یاریگانہ اے مری جاں کی پنہ
بس ہے تو میرے لئے مجھکو نہیں تجھ بن بکار

میں تو مر کر خاک ہوتا گر نہ ہوتا تیرا لطف
پھر خدا جانے کہاں یہ پھینک دی جاتی غبار

اے فدا ہو تیری رہ میں میرا جسم و جان و دل
میں نہیں پاتا کہ تجھ سا کوئی کرتا ہو پیار

ابتدا سے تیرے ہی سایہ میں میرے دن کٹے
گود میں تیری رہا میں مثلِ طفلِ شیر خوار

نسلِ انساں میں نہیں دیکھی وفا جو تجھ میں ہے
تیرے بن دیکھا نہیں کوئی بھی یار غمگسار

اس قدر مجھ پر ہوئیں تیری عنایات و کرم
جن کا مشکل ہے کہ تا روز قیامت ہو شمار

وہ دیکھتا ہے غیروں سے کیوں دل لگاتے ہو
جو کچھ بتوں میں پاتے ہو اس میں وہ کیا نہیں

سورج پہ غور کر کے نہ پائی وہ روشنی
جب چاند کو بھی دیکھا تو اس یار سا نہیں

واحد ہے لاشریک ہے اور لازوال ہے
سب موت کا شکار ہیں اس کو فنا نہیں

سب خیر ہے اسی میں کہ اس سے لگاؤ دل
ڈھونڈو اسی کو یارو بتوں میں وفا نہیں

اس جائے پُر عذاب سے کیوں دل لگاتے ہو
دوزخ ہے یہ مقام یہ بستاں سرا نہیں

لوگوں کے بغضوں سے اور کینوں سے کیا ہوتا ہے
جس کا کوئی بھی نہیں اس کا خدا ہوتا ہے

بے خدا کوئی بھی ساتھی نہیں تکلیف کے وقت
اپنا سایہ بھی اندھیرے میں جدا ہوتا ہے

مرتب۔ یوسف سہیل شوق

حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی کی زبان سے

حضرت امام جماعت احمدیہ اول کا تذکرہ

حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی نے اپنے مختلف خطبات میں حضرت امام جماعت احمدیہ الاول کا جو ذکر فرمایا ہے اس کے چند اقتباسات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں:

(حضرت امام جماعت احمدیہ الاول) سنایا کرتے تھے کہ ایک شخص کو اپنے باپ کی بہت دولت مل گئی۔ اس نے اپنے دوستوں اور آشناؤں کو بلا کر پوچھا کہ مجھے دولت کو خرچ کرنے کا طریق بتاؤ۔ کسی نے کچھ بتایا کسی نے کچھ۔ لیکن اسے کوئی پسند نہ آیا۔ ایک دن وہ بازار میں سے گزر رہا تھا کہ بزاز کے کپڑے پھاڑنے کی اسے آواز آئی جس کو اس نے بہت پسند کیا۔ اور اپنے نوکروں کو حکم دیا کہ میرے سامنے کپڑے کے تھان لا کر پھاڑا کرو۔ اس طرح اس نے کپڑے پھڑوانے شروع کئے۔ اور چر چر کی آواز سننے لگا اور ہزارہا روپیہ اس پر خرچ کر دیا۔ تو خرچ کرنے کے لئے تو وہ بھی کہتا تھا کہ کپڑے پھٹنے کی آواز بڑی مزیدار آواز ہے جو کانوں کو بہت بھلی معلوم ہوتی ہے۔ لیکن کیا یہ بھی کوئی خرچ کرنا تھا۔ پس کسی مال کو ناجائز اور فضول طور پر خرچ کرنا کوئی بھی مشکل کام نہیں ہے۔ اگر کسی کے پاس کروڑوں کروڑ روپیہ بھی ہو تو وہ بھی سب کچھ خرچ کر کے کنگال اور نادار بن سکتا ہے اور ایسا اکثر دنیا میں ہوتا ہے۔ ہاں روپیہ کا جائز طور پر اور ٹھکانے پر خرچ کرنا مشکل ہے۔ اور بہت مشکل ہے۔ حضرت (امام جماعت احمدیہ) الاول (۔) کا یہ قول ہے کہ روپیہ کمان آسان ہے مگر خرچ کرنا بہت مشکل ہے۔ واقعہ میں یہ بہت ہی سچا قول ہے۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۵)

اسراف کرنے والے ۔ے ساتھی پہلے پہلے اسے کوئی ہدایت نہیں کرتے۔ لیکن جب وہ تباہ ہو چکتا ہے تو وہ بھی کہنا شروع کر دیتے ہیں کہ اس نے احتیاط نہیں کی۔ ان سے کوئی پوچھے کہ اب جو تم یہ کہتے ہو پہلے اس کے ساتھ کیوں شامل ہوتے تھے۔ ایسی باتوں پر بولنے کی مجھے تو عادت نہیں۔ (حضرت امام جماعت احمدیہ) الاول (۔) تو عام طور پر کہہ دیا کرتے تھے لیکن میں انتظار کرتا ہوں اور کرنے والے کو کسی رنگ میں سمجھا دیتا ہوں۔ پھر انتظار کرتا ہوں۔ شاید بعض لوگ یہ جانتے ہوں کہ مجھے ان کے حالات کا پتہ نہیں لیکن خدا کے فضل سے مجھے ان کی نسبت اتنا پتہ ہوتا ہے کہ اگر انہیں اس کا پتہ ہو جائے تو حیران رہ جائیں بہت لوگ ہیں جن کی عادتیں جتنی مجھے معلوم ہیں اتنی انہیں خود بھی نہیں۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۷)

خاص مقامات میں دعا خاص طور پر قبول ہوتی ہے۔ پس انسان کو چاہئے کہ جب دعا کرنے لگے تو ایسے مقام کو چن کر کرے۔ حضرت (امام جماعت احمدیہ) الاول (۔) کے پاس بھی ایک مصلّیٰ تھا آپ فرماتے تھے کہ میں جب کبھی اس مصلّے پر بیٹھ کر دعا کرتا ہوں۔ خاص طور پر قبول ہو جاتی ہے۔ تو خاص اشیاء میں خاص برکت کی وجہ سے خاص ہی اثر ہوتا ہے۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۲۰۱)

جب مبارک احمد (ابن حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ۔ ناقل) کی وفات ہوئی تو بعض اشخاص کو اس سے گھبراہٹ ہوئی۔ مجھے خوب یاد ہے کہ جب مبارک کا دم نکلا تو حضرت مولوی نور الدین خلیفہ رشید الدین صاحب اور ڈاکٹر یعقوب بیگ صاحب وہاں موجود تھے۔ حضرت مولوی صاحب نبض دیکھ رہے تھے۔ آپ نے نبض دیکھتے دیکھتے حضرت صاحب کو کہا (حضرت صاحب) حالت نازک ہے مشک لائیں۔ حضرت صاحب ابھی مشک لائے بھی نہ تھے کہ دم نکل گیا۔ حضرت مولوی صاحب نے چونکہ حضرت صاحب کو مبارک احمد کی بیماری میں خاص محبت اور خاص جوش سے علاج کرتے اور خیال رکھتے دیکھا تھا اس لئے جہاں کھڑے وہیں بیٹھ گئے اور منہ سے کچھ نہ کہہ سکے۔ دوسرے لوگوں نے بھی یہی خیال کیا کہ حضرت صاحب کو اس سے بڑا صدمہ ہو گا۔ لیکن حضرت صاحب کو دیکھو آپ نے جہاں مشک رکھی ہوئی تھی وہیں کارڈ اور لفافے بھی رکھے ہوئے تھے۔ جب آپ نے مبارک احمد کے فوت ہو جانے کے متعلق سنا تو وہیں سے مشک نکالنے کی بجائے کارڈ اور لفافے نکال کر خط لکھنے شروع کر دیئے کہ مبارک احمد فوت ہو گیا ہے۔ گھبرانے کی کوئی وجہ نہیں۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۲۳۲۔۲۳۱)

حضرت (امام جماعت احمدیہ) الاول (۔) فرماتے تھے کہ امرتسر میں (۔) ایک شخص تھا اس کو میں نے ایک چونی دی کہ دو آنے کی فلاں چیز لے آؤ اور دو آنے واپس لے آنا۔ جب وہ واپس آیا تو دو آنے کی وہ چیز بھی لے آیا اور چھ آنے بھی لا دیئے۔ میں نے کہا یہ کیا؟ چھ آنے کس طرح لے آئے؟ اس نے کہا۔ میں نے ایک ہندو سے یہ چیز خریدی ہے۔ اور اسی سے یہ پیسے بھی لے آیا ہوں۔ آپ لے لیجئے۔ حضرت مولوی صاحب نے کہا اس نے کس طرح تم کو چھ آنے دے دیئے کہنے لگا میں اس سے خود لایا ہوں وہ کہاں دیتا تھا۔ اس طرح کیا کہ جب میں نے اس سے یہ چیز لے لی اور چونی دے دی تو اس سے ایک ایسی چیز مانگی جو اس نے اندر رکھی ہوئی تھی وہ چونی کو صندوقچی کے اوپر ہی رکھ کر اس کے لینے کے لئے اندر گیا۔ اس کے اندر جانے پر میں نے چونی اٹھا لی۔ جب وہ چیز لے کر واپس آیا تو میں نے ناپسند کر دی اور نہ خریدی اس نے سمجھا کہ میں نے جو چونی لی تھی وہ صندوقچی میں ڈال لی تھی۔ اس لئے اس نے دونی نکال کر مجھے دے دی اور میں لے کر چلا آیا۔ حضرت مولوی صاحب فرماتے تھے میں نے اس سے کہا کہ یہ کیا؟ یہ تو فریب اور دھوکہ ہے ~~کہنے لگا دوکاندار کافر ہے اور دوکانداروں~~ سے ایسا کر لینا جائز ہے۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۲۶۷)

حضرت (بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ) کو بہت سے اسی قسم کے لوگوں نے مانا ہے جو اپنے حلقہ میں خاص عزت و احترام رکھتے تھے۔ مثلاً حضرت مولوی نور الدین صاحب ایک ایسے شخص تھے جن کو تمام ہندوستان میں کم و بیش لوگ خوب جانتے تھے اور آپ کی قابلیت کو تسلیم کئے ہوئے تھے۔ اور خصوصاً آپ علم طب میں ایسے شہرہ آفاق تھے جس کی نظیر نہیں۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۳۴۷)

اگر ہم خدا کے فعل یعنی کائنات' دنیا کو دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک چیز خدا کی ہستی کی محتاج ہے۔ کوئی ایسی چیز نہیں جو قائم بالذات ہو حضرت (امام جماعت احمدیہ) اول (۔) کو ایک دفعہ رویاء میں لا الہ الا اللہ کے معنی سمجھائے گئے کہ کہ دنیا میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو اپنے وجود کے قیام کے لئے کسی دوسری چیز کی محتاج نہ ہو۔ مگر خدا ایک ایسی ہستی ہے جو قائم بالذات ہی نہیں بلکہ قیوم بھی ہے۔ یعنی دوسروں کو بھی قائم رکھنے والی ہے۔ پس جو اشیاء اپنے وجود کے قیام کے لئے کسی دوسری چیز کی محتاج ہیں وہ اس بات کی اہل نہیں کہ ان کو خدا یا معبود کہا جائے۔

(خطبات محمود جلد نمبر ۵ ص ۳۷۶)

بعض اوقات ایک بات کو بہت معمولی اور چھوٹا سمجھا جاتا ہے مگر اس کے نتائج بہت خطرناک نکلتے ہیں۔ آپ لوگوں نے سنا ہو گا۔ حضرت مولوی صاحب (حضرت امام جماعت احمدیہ الاول ۔ ناقل) سنایا کرتے تھے کہ خلافت بغداد کی تباہی کی ابتداء دو شخصوں کی معمولی باتوں سے ہی شروع ہوئی تھی۔ دونوں جا رہے تھے ایک نے دوسرے کو کہا۔ آؤ کباب کھائیں۔ دوسرے نے کہا کباب کیا کھانے ہیں۔ آؤ لڑائی کرائیں۔ چنانچہ انہوں نے شیعوں کے محلہ میں جا کر کہہ دیا کہ سنّی تمہارے متعلق یہ کہہ رہے ہیں۔ اور سنّیوں کے ہاں جا کر شیعوں کی نسبت یہ کہہ دیا۔ اس پر دونوں فریقوں میں لڑائی شروع ہو گئی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بغداد کی خلافت تباہ ہو گئی۔

آپ لوگوں کو یاد رکھنا چاہئے کہ فتنہ پیدا کرنے والی بات خواہ کتنی چھوٹی ہو زبان سے نہ نکالنی چاہئے۔ نہ مزاقیہ طور پر نہ ہنسی سے۔

(خطبات محمود جلد ۵ ص ۴۰۰)

جنہوں نے تصفیہ حقوق نہیں کیا ہوتا۔ ان کی نسبت وہ لوگ زیادہ مستحق سزا و عقوبت ہوتے ہیں جو حکومت کو مانتے ہوئے پھر اس کے احکام کا انکار کرتے ہیں۔

حضرت (امام جماعت احمدیہ) اول (۔) ایک راجہ کا قصہ بیان فرمایا کرتے تھے۔ اس نے آپ سے کہا مولوی صاحب آپ نے بھی کوئی بت رکھا ہوا ہے یا نہیں۔ آپ نے فرمایا نہیں راجہ صاحب ہم نے تو کوئی بت نہیں رکھا ہوا ہے۔ اس نے کہا مولوی صاحب کوئی تو ہو گا۔ فرمایا نہیں کوئی بھی نہیں۔ حیران ہو کر کہنے لگا۔ مولوی سچ مچ کوئی بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا راجہ صاحب سچ مچ کوئی نہیں۔ کہنے لگا۔ مولوی صاحب میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ اور کوئی بت رکھیں یا نہ رکھیں مگر "درگا" کا ضرور رکھ لیں۔ اس کا رکھنا نہایت ضروری ہے۔ آپ نے فرمایا راجہ صاحب! ہم تو کسی درگا وغیرہ کے قائل نہیں۔ اور نہ اس کا بت رکھتے ہیں۔ راجہ صاحب نے کہا۔ مولوی صاحب اب میں سمجھا کہ کیوں آپ کو یہ نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ آپ تو ان کی حکومت میں ہی نہیں ہیں۔ اس لئے وہ آپ کو کوئی گزند نہیں پہنچا سکتے۔ مگر ہم تو ان کی حکومت میں ہیں۔ اگر ہم ان کے خلاف کریں۔ تو وہ ضرور ہم کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے کوئی ہماری ریاست میں رہ کر ہمارے قوانین کے خلاف کرے تو ہم اس کو سزا دے سکتے ہیں۔ مگر جو ریاست کے باہر جا کر ہمارے قوانین کے خلاف کرے ہم اس کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

اس کی یہ بات درست نہیں کیونکہ بت کوئی چیز نہیں ہیں۔ مگر جس اصل کے ماتحت اس نے بیان کی ہے وہ درست ہے۔ کہ جب کوئی کسی کو تسلیم ہی نہیں کرتا اور اس کی حکومت سے ہی باہر ہوتا ہے تو وہ اسے کوئی سزا نہیں دے سکتا مگر جو حکومت کو مانتا ہوا اس کے خلاف کرتا ہے اس کو ضرور سزا دی جاتی ہے۔

(خطبات محمود جلد ۵۔ ص ۴۱۱)

برقی مدہانی، استری، پنکھے، ٹی وی، واشنگ مشین خریدنے کیلئے تشریف لائیں
الفضل الیکٹرک سٹور چوک قلعہ کارلووالہ (سیالکوٹ)
پروپرائیٹر: محمد نواز۔ محمد انور۔ محمد حنیف زرگر

مرتب - مرزا خلیل احمد قمر

حضرت امام جماعت احمدیہ الثالث

کے خود بیان فرمودہ حالات زندگی

میری تاریخ پیدائش ۱۶- نومبر ۱۹۰۹ء ہے- حضرت (اماں جان) نے مجھے پالا ہے ان کے پاس میں رہتا تھا میں حضرت (اماں جان) کی تربیت میں رہا ہوں جنہوں نے میری پرورش اور تربیت کی-

(الفضل ۴- اکتوبر ۶۷ء' ۱۲- مئی ۷۱ء' ۲- مارچ ۶۷ء' ۱۱- دسمبر ۶۸ء)

جب میں نے ہوش سنبھالا یا شاید اس سے بھی پہلے (حضرت امام جماعت احمدیہ الثانی) کے ارشادات ہدایات اور نصائح اور تربیت کے جو طریق تھے ان سے دل نے یہ تاثر لیا تھا کہ یہی (جامعہ احمدیہ) وہ جگہ ہے جہاں علم کو حاصل کرنا ہے اور یہی وہ جگہ ہے جہاں سے علم حاصل کرنے کے بعد اس کے استعمال کا طریق سیکھنا ہے-

(الفضل ۲۴- نومبر ۱۹۶۵ء)

جب سے مجھے ہوش آئی ہے- ابھی میں سکول میں داخل نہیں ہوا تھا اور قرآن کریم حفظ کیا کرتا تھا- اس وقت بھی مجھے یاد ہے کہ قادیان میں جلسہ سالانہ کے موقعہ پر مہمانان جلسہ کے لئے مکانوں کی تنگی ہو جایا کرتی تھی-

(الفضل ۸- مارچ ۱۹۷۹ء)

سیدنا حضرت (امام جماعت احمدیہ الثانی) نے ہماری اس طرح تربیت کی ہے میں چھوٹا تھا اور اب اس عمر کو پہنچا ہوں ہم نے یہی محسوس کیا کہ (آپ) کی ہمیشہ یہ خواہش رہی کہ میرے بچے دنیا کے لئے خیر کا منبع ہوں کسی کو ان سے تکلیف نہ پہنچے اسی خواہش کا (آپ) نے اپنے ایک شعر میں یوں اظہار فرمایا ہے-

الٰہی خیر ہی دیکھیں نگاہیں

(الفضل ۱۷- نومبر ۱۹۶۵ء)

طالب علمی کے زمانہ میں پہلے میں نے قرآن کریم حفظ کیا پھر دینی اور عربی تعلیم حاصل کی اور پھر دنیوی تعلیم کے حاصل کرنے کی کوشش کی گورنمنٹ کالج میں پڑھا پھر انگلستان گیا اور آکسفورڈ میں پڑھا-

(الفضل ۱۵- دسمبر ۱۹۶۵ء)

ابتدائی تعلیم حفظ قرآن مجید کے بعد جامعہ احمدیہ میں آیا اس وقت یہ مدرسہ احمدیہ کہلاتا تھا میں چوتھی جماعت میں داخل ہوا تھا- کیونکہ قرآن کریم کے حفظ کی وجہ سے اپنی عمر کے چند سال میں پہلے ہی خرچ کر چکا تھا اور علاوہ حفظ قرآن کے کچھ اور بھی پڑھتا رہا تھا- لیکن چوتھی کلاس میں داخل ہو کر بھی مجھے یہ احساس تھا کہ میں اپنے ہم جولیوں سے پیچھے رہ گیا ہوں- یعنی عمر کے لحاظ سے جو میرے ساتھی بننے چاہئیں تھے وہ آگے ہیں اور میں پیچھے ہوں اس احساس کے نتیجہ میں میں نے اپنے دل میں اس بچپن کے زمانہ میں یہ فیصلہ کیا کہ میں اگلی جماعت کے لئے ایک سال کا انتظار نہیں کروں گا- بلکہ جہاں تک ہو سکا پوری محنت اور کوشش کر کے ایک ایک سال میں ایک سے زائد امتحان پاس کرنے کی کوشش کروں گا- اور خدا تعالیٰ کا شکر ہے کہ اس وقت کے اساتذہ میری تعلیم پر بڑی محنت سے توجہ دیتے رہے اور میں نے کافی حد تک اس کمی کو پورا کر لیا- اور دو دفعہ میں نے ایک کی بجائے دو سالوں کا امتحان دیا اور اس طرح دو سال جو میں پیچھے تھا اپنی عمر کے لحاظ سے اپنی جگہ پر پہنچ گیا اور زندگی کی بہترین اور معصوم گھڑیاں جو بچپن کی ہوتی ہیں میں نے اسی درس گاہ میں گزاریں-

(الفضل ۲۴- نومبر ۱۹۶۵ء)

ایک نہ بھلانے والا واقعہ میرے بچپن کا ایک واقعہ ہے بعض واقعات ایسے گزر جاتے ہیں انسان کی زندگی میں جنہیں وہ عمر بھر بھلا نہیں سکتا- ابھی تک وہ واقعہ مجھے بہت پیارا لگتا ہے میں بہت چھوٹا تھا اس وقت اور مدرسہ احمدیہ میں نیا نیا داخل ہوا تھا حضرت اماں جان نے مجھے حکم دے رکھا تھا- کہ میں باقی نمازیں تو بیت مبارک میں پڑھوں لیکن چونکہ پڑھنا اور پھر سونا ہوتا تھا- اور بیت مبارک میں نماز دیر سے ہوتی تھی- اس لئے عشاء کی نماز کے لئے بیت اقصیٰ جایا کروں وہ بھی پاس ہی تھی- حضرت (امام جماعت احمدیہ الثانی) چونکہ ہر وقت کام میں مشغول رہتے تھے- بعض دفعہ دیر سے نماز کے لئے تشریف لاتے تھے اب بعض دفعہ مجھے دس پندرہ منٹ کی بھی دیر ہو جائے تو نمازی گھبرا جاتے ہیں مگر ہم نے تو وہ نمازیں بھی پڑھیں ہیں جن میں (حضرت صاحب) دو دو گھنٹے کی دیر کے بعد (بیت الذکر) میں آئے ہیں آپ تو خدا کے گھر میں بیٹھے ہوتے ہیں اور جو خدا کے گھر میں بیٹھا ہوا ہے- اسے باہر جانے کی جلدی کیسے ہو سکتی ہے- اپنے گھر سے باہر نکلنے کی جلدی نہیں ہوتی- بہر حال میں عشاء کی نماز میں بیت اقصیٰ جایا کرتا تھا- ورلی سیڑھیاں ... یعنی بیت مبارک کی وہ سیڑھیاں جو اس دروازہ کے ساتھ ہیں جو دار (-) کے اندر جانے والا دروازہ ہے دار کے نیچے ایک گلی تھی..... وہ گلی چھتی ہوئی تھی اور وہاں اندھیرا ہوا کرتا تھا- اب تو شاید وہاں بجلی لگ گئی ہو گی اس زمانہ میں بجلی نہیں تھی- دار (-) کے اندر جانے والے دروازہ سے وہاں سے میں اترتا وہ گلی بڑی اندھیری تھی-

ایک روز جس وقت میں نیچے اترا تو اس وقت مدرسہ احمدیہ کے طالب علموں کی قطار (وہ قطار میں نماز پڑھنے جایا کرتے تھے) اس گلی میں سے گزر رہی تھی میں بھی ان کے ساتھ شامل ہو گیا لیکن چونکہ اندھیرا تھا اس لئے اتفاقاً میرا پاؤں مجھ سے آگے چلنے والے لڑکے کے پاؤں پر پڑا اس نے سلیپر پہنے ہوئے تھے جب اس نے ایڑی اٹھائی تو اس کے سلیپر پر میرا پنجہ پڑ گیا- تو اسے جھٹکا لگا مگر اس نے درگزر سے کام لیا- لیکن خدا کا کرنا کیا ہوا کہ چار پانچ قدم کے بعد دوبارہ میرا پاؤں اس پر جا پڑا تو اسے یہ خیال گزرا کہ شاید کوئی شرارت کر رہا ہے چنانچہ اس نے پیچھے مڑ کر تاڑ سے میرے منہ پر چپیڑ لگا دی- خیر میں نے اس وقت دل میں سوچا کہ اس کو کچھ پتہ نہیں اس نے کیا کیا ہے- اور اس نے کسے چپیڑ لگائی ہے- مجھے خیال آیا کہ اگر میں اس کے سامنے ہو گیا تو اس کو بہر حال شرمندگی اٹھانی پڑے گی میں کیوں اسے شرمندگی کا دکھ دوں یہ سوچ کر میں وہاں سے ایک طرف پیچھے ہٹ گیا اور جب پندرہ بیس طالب علم گزر گئے تو پھر میں ان کے ساتھ ہو لیا تاکہ اس کو شرمندگی نہ اٹھانی پڑے نہ مجھے پتہ ہے کہ وہ کون سا شخص ہے اور نہ اسے (اگر وہ اب تک زندہ ہے) پتہ ہے کہ اس نے کس کو چپیڑ لگائی تھی پس مجھے یہ واقعہ بڑا پیارا لگتا ہے کیونکہ بچپن میں آدمی ویسے بھی بعض دفعہ تیزیاں دکھا جاتا ہے-

(الفضل ۸- جون ۱۹۶۸ء اور ۱۲ مئی ۱۹۷۱ء)

گورنمنٹ کالج لاہور ۱۹۳۰ء تا ۱۹۳۴ء میں جن دنوں گورنمنٹ کالج لاہور میں پڑھا کرتا تھا ان دنوں کا مجھے اپنا ایک واقعہ یاد آ گیا ہے کالج میں چھٹی تھی میں قادیان جا رہا تھا- ایک تیز قسم کا مخالف بھی گاڑی کے اسی ڈبے میں بیٹھ گیا لاہور سے امرتسر تک وہ میرے ساتھ بڑی سخت بد زبانی کرتا رہا اور میں مسکرا کر اسے جواب دیتا رہا- جس وقت وہ امرتسر میں اترا تو اس مسکراہٹ اور خوش خلقی کا اس پر یہ اثر تھا کہ وہ مجھے کہنے لگا اگر آپ جیسے (داعی الی اللہ) آپ کو دو سو مل جائیں تو آپ ہم لوگوں کو جیت لیں گے- کیونکہ میں نے آپ کو غصہ دلانے کی پوری کوشش کی مگر آپ تھے کہ ہنستے چلتے جا رہے تھے-

(الفضل ۱۲- مئی ۱۹۹۱ء)

آکسفورڈ ۱۹۳۴ء تا ۱۹۳۸ء جب میں آکسفورڈ گیا تو مجھے یہ خیال تھا کہ کہیں کالج والے مجھے غلط قسم کے کھانے نہ دیں چنانچہ میں پہلے ہی دن باورچی خانہ میں گیا جو بہت بڑا تھا اور سب سے بڑے باورچی سے جا کر کہا ایک تو میں گوشت نہیں کھاؤں گا کیونکہ وہاں ذبیحہ نہیں ملتا- اور دوسرے تم جو مچھلی اور انڈا میرے لئے پکاؤ اس کو چربی میں نہ پکانا مکھن میں پکانا وہ باورچی مسکرایا اور کہنے لگا کہ غریب طالب علم یہاں پڑھنے کے لئے آتے ہیں وہ سؤر کی چربی کے اخراجات برداشت نہیں کر سکتے یعنی ان کی مالی حالت بھی ایسی نہیں ہوتی کہ ہم ان کے لئے سؤر کی چربی خرید کر کھانا پکائیں اور ان سے پیسے لیں-

(الفضل ۲۹- جولائی ۱۹۶۹ء)

ذہنی قوتوں کی کامل نشو و نما کے لئے یہ ضروری ہے کہ ذہنی آوارگی سے بچا جائے اور پڑھائی پر توجہ قائم رکھنے کی عادت ڈالی جائے اور مجاہدہ کے ذریعے بتدریج ذہنی ورزشیں کرا کے زیادہ بوجھ ڈالا جائے ذہن کے اوپر- عمر کے لحاظ سے بھی جوں جوں عمر بڑھتی جائے اور جسم کی طاقت بڑھتی جائے زیادہ گھنٹے پڑھنے والا ہو-

آکسفورڈ میں Balliol کالج کے طلباء جہاں میں پڑھتا تھا جو اچھے ذہین لڑکے محنت کرنے والے تھے وہ کلاسز کے علاوہ اتوار سمیت ہفتے کے سات دن بارہ تیرہ گھنٹے روزانہ پڑھا کرتے تھے-

(الفضل ۲۹- دسمبر ۱۹۸۱ء)

آکسفورڈ میں جو طالب علم کلاس کی پڑھائی کے علاوہ دس بارہ گھنٹے روزانہ پڑھتا تھا وہ پڑھائی میں بڑا اچھا طالب علم سمجھا جاتا تھا اور جو طالب علم روزانہ اوسطاً سات آٹھ گھنٹے پڑھتا تھا اس کے متعلق یہ کہا جاتا تھا کہ وہ درمیانے درجے کا طالب علم ہے جبکہ چار پانچ گھنٹے روزانہ پڑھائی کی اوسط بنانے والے طالب علم کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ وہ بڑا آوارہ ہے اس کو پڑھائی کی طرف توجہ نہیں لیکن ہمارے ملک میں روزانہ چار پانچ گھنٹے کی اوسط سے پڑھنے والا ٹاپ (TOP) سکالرز (Scholars) میں شمار ہوتا ہے -

(الفضل ۲۲- اکتوبر ۱۹۶۹ء)

انگریزوں نے ..... ایک لمبا عرصہ ہماری خدمت کی اور ہمارا سب کچھ لوٹ کر لے گئے... آکسفورڈ میں جب میں پڑھا کرتا تھا تو ایک دفعہ چند انگریز دوست کہنے لگے چلو سیر کو چلیں میں بھی ان کے ساتھ سیر کو چلا گیا ہم ایک باغ میں چلے گئے میرے ایک انگریز دوست کے پاس کیمرہ تھا میں نے کہا ایک پوز میں بناتا ہوں اس کی تصویر لینی ہے میں نے کہا کہ پوز یہ بنے گا کہ انگریز لڑکا میری پیٹھ پر سوار ہو جائے اور کچھ نوٹ میں اپنی جیب میں ایسی شکل میں

باقی صفحہ ۱۱ پر

صاحبزادہ مرزا مجید احمد

روحانیت کا زینہ

حیوانیت ' انسانیت ' روحانیت کے الفاظ ہمارے روز مرہ کے استعمال میں آتے ہیں۔ حیوانیت کا لفظ ہم اس عمل پر بولتے ہیں جب انسان اشرف المخلوق کے درجہ سے گر جائے اس سے ایسی حرکات اور اعمال سرزد ہوں جو حیوانوں کا خاصہ ہیں جس میں دوسروں کے جذبات کا کوئی لحاظ نہیں رکھا جاتا اس میں سارا عمل اپنے نفس کے گرد گھومتا ہے اور اس میں ظلم اور بربریت کو روا رکھنا معمول کا عمل ہوتا ہے کیونکہ حیوان اعلیٰ جذبات سے عاری ہوتے ہیں۔ انسانیت کا لفظ ان اخلاق پر بولا جاتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے انسان کو ممتاز کیا ہے اور یہ دراصل اللہ کی ہی صفات کے محدود شکل میں پرتو کا نام ہے۔ اس میں رحم ' عدل ' احسان دوسروں کے جذبات کا خیال رکھنا۔ محبت ' شفقت ' ہمدردی وغیرہ شامل ہیں۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس نے انسان کو اپنی شکل پر پیدا کیا ہے۔ اب آتا ہے روحانیت کا لفظ۔ سوال ہے کہ روحانیت ہے کیا۔ یہ کس کیفیت کا یا حالت کا نام ہے۔ اس کا انسانیت سے کیا تعلق ہے۔ اس کا مذہب سے کیا تعلق ہے۔ انسان کس طرح اس مقام کو حاصل کر سکتا ہے۔ کیا یہ صرف عبادات سے حاصل ہوتا ہے یعنی صرف حقوق اللہ کی ادائیگی اس کے لئے شرط ہے۔ کیا دوسرے مذاہب والے بھی یہ درجہ حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ یہ بات تو اظہر من الشمس ہے کہ جہاں تک انسانیت کا درجہ ہے اور اس میں اعلیٰ مقام حاصل کرنے کا سوال ہے اس پر صرف اہل ایمان کی ہی اجارہ داری نہیں ہے بلکہ دیگر مذاہب کے لوگوں نے بھی اس میں بہت بڑے بڑے مقام حاصل کئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے اور تمام انسان اس کی اولاد کا درجہ رکھتے ہیں اس لئے وہ ہر مضطر کی دعا کو سنتا ہے اور قبول بھی فرماتا ہے۔ یہ ہم کبھی دعویٰ نہیں کر سکتے کہ اللہ تعالیٰ صرف اہل ایمان کی ہی دعاؤں کو سنتا ہے اور دوسروں کی نہیں۔ حضرت بانی سلسلہ تو فرماتے ہیں کہ بعض دفعہ اللہ تعالیٰ ایک کنجنی کی دعا بھی قبول فرمالیتا ہے اور اسے بھی سچی خواب آجاتی ہے۔ مگر یہ وہی صورت ہے کہ ایک بادشاہ جس کا خزانہ ہیرے ' جواہرات اور اشرفیوں سے بھرا پڑا ہے اس کے مقابل ایک درہم رکھنے والا بھی دعویٰ کرے کہ وہ بھی مالدار ہے کیونکہ اس کے پاس بھی مال موجود ہے۔

جس طرح انسان جسمانی لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں حالانکہ اعضاء ہر ایک کے ایک جیسے ہی ہوتے ہیں یہاں تک کہ ایک دن کا بچہ بھی وہی اعضاء رکھتا ہے جو ایک پہلوان کے ہوتے ہیں۔ جسمانی لحاظ سے جس طرح ایک بچہ اپنی حفاظت کے لئے دوسروں کا محتاج ہوتا ہے اسی طرح روحانی لحاظ سے انسان کا ایمان بالکل ایسی ہی حالت میں ہوتا ہے اور اس کے نفس نے اس پر قابو پایا ہوتا ہے۔ شیطان کا اس پر غلبہ ہوتا ہے وہ بار بار پھسلتا ہے بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اس کا میلان گناہ کی طرف زیادہ ہوتا ہے اور گناہ کی دلدل سے اس کا باہر نکلنا مشکل ہوتا ہے۔ یہ نفس امارہ کی حالت ہے لیکن بار بار جو بھی چھوٹی موٹی نیکی اس سے صادر ہوتی ہے اس سے اس کا پاؤں پختہ زمین پر آجاتا ہے وہ پھر زور لگاتا ہے تو دوسرا پاؤں بھی دلدل سے نکل آتا ہے اس طرح وہ دلدل میں بالکل ہی دھنسنے سے بچ جاتا ہے۔ لیکن اگر وہ بالکل ہی غافل ہو جائے تو پھر اسفل السافلین کی گہری غار میں اتر جاتا ہے اور حیوانوں سے بھی بدتر ہو جاتا ہے یہ بڑا ہی سخت مقام ہے۔ اعمال بجا لانا بھی انسانی طاقت میں نہیں کہ بزور بازو اور اپنی طاقت سے بجالائے انسان نفس امارہ کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے جب تک اللہ تعالیٰ کا فضل اور توفیق انسان کے شامل حال نہ ہو وہ کچھ بھی نہیں کر سکتا۔ لہٰذا انسان اس دلدل سے نکلنے کے لئے دعاؤں کا ہی سہارا ڈھونڈے کہ اللہ تعالیٰ اسے قدرت عطا فرمائے کہ وہ اس قید سے رہائی پائے۔ اس سمِ قاتل کا علاج بھی اسی کے پاس ہے جس نے اسے پیدا کیا۔ ایک مرتبہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ مجھے اپنے ایمان کا خطرہ محسوس ہوتا ہے کیونکہ جب آپ کی مجلس میں ہوتا ہوں اس وقت روحانیت جوش مارتی ہے اور مجھے اپنی بدیاں دھلتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں لیکن جوں ہی اس مجلس سے باہر جاتا ہوں وہ کیفیت باقی نہیں رہتی۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں یہ حالت ہی بتاتی ہے کہ تمہاری روح میں احساس کا جذبہ موجود ہے ابھی مردہ نہیں ہوا ایک دن یہ رنگ لے آئیگا۔ شیطان اور انسان کی یہ لڑائی جاری رہتی ہے۔ نفس امارہ انسان کا اندرونی دشمن ہے اور شیطان بیرونی۔ شیطان ہمیشہ ایمان پر نقب لگانے کے لئے اسی اندرونی دشمن سے ساز باز کر کے ہی چوری کرتا ہے۔

اس حالت پر جب انسان فتح پالیتا ہے تو پھر وہ اس حالت میں داخل ہو جاتا ہے جہاں پھر وہ زیادہ تر نیکیاں بجالاتا ہے گو انسان ہونے کے ناطے کبھی کبھی اس سے غلطیاں بھی سرزد ہوتی رہتی ہیں۔ حقیقی صاحب ایمان وہی ہے جو حقوق اللہ اور حقوق العباد دونوں التزام اور احتیاط سے بجالاتا ہے۔ ایسا شخص ہی پوری کتاب پر عمل کرتا ہے ورنہ پھر وہ نصف پر عمل کر رہا ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اور بندے کے حقوق دونوں اپنی کتاب میں کھول کھول کر بیان کر دیئے ہیں۔ اس درجہ پر انسان اپنی بدیوں اور بے اعتدالی پر اپنے تئیں ملامت کرتا ہے اور جب اس سے کوئی بدی ظہور میں آجاتی ہے تو پھر وہ جلدی سے متنبہ ہو جاتا ہے۔ وہ نیکیوں کے بجالانے پر پورے طور پر قادر نہیں ہوتا اور طبعی جذبات اس پر کبھی کبھی غالب آجاتے ہیں مگر وہ ہر دم اس کوشش میں لگا رہتا ہے کہ اس حالت سے نکل جائے اور اپنی کمزوری پر نادم ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مغفرت کا ہر وقت طالب رہتا ہے۔ اصلاح نفس کے لئے نری تجویزوں اور تدبیروں سے کچھ نہیں ہوتا۔ اصلاح نفس کی ایک راہ اللہ تعالیٰ نے صحبت صالحین بتائی ہے۔ صحبت کا بہت اثر ہوتا ہے۔ جو شخص شراب خانہ میں جاتا ہے وہ کتنا ہی پرہیز کرے بہت ممکن ہے کہ ایک دن آئے کہ وہ بھی پینا شروع کر دے۔ روایت آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ فرشتوں کو دنیا میں بھیجتا ہے وہ واپس آکر عرض کرتے ہیں کہ ہم نے ایک مجلس دیکھی جہاں تیرا ذکر ہو رہا تھا لیکن ایک شخص ویسے ہی راہ چلتے وہاں بیٹھ گیا وہ ان میں شامل نہیں تھا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس کے گناہ بھی معاف اور جنت لازم۔

اس سے آگے کا درجہ وہ ہے جسے ہم روحانیت کے صحیح مقام کے نام سے پکار سکتے ہیں یہاں پھر عمل کسی خوف اور طمع سے سرزد نہیں ہوتے بلکہ خالصتاً محبت اور عشق کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ حضرت رابعہ بصریؒ کا مشہور واقعہ ہے کہ آپ ایک ہاتھ میں چراغ اور دوسرے میں پانی کا پیالہ لے کر بازار میں نکلیں کسی نے سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ اس آگ سے جنت کو راکھ کر دوں اور پانی سے جہنم کی آگ سرد کر دوں تاکہ لوگ محض خدا کی محبت کی خاطر اس کی عبادت کریں۔ حضرت ابوبکرؓ کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوبکر تم سب سے اس واسطے افضل ہے کہ اس کی نمازوں کی کیفیت تم لوگوں سے مختلف ہے ورنہ نمازیں تو تم بھی پڑھتے ہو۔ آپ کا مقصود یہ تھا رسمی عبادات سے اللہ تعالیٰ راضی نہیں ہوتا۔ دنیا میں بھی دوستی کے لئے صرف الفاظ سے ہی کام نہیں بنتا یہاں بھی اخلاص کی ضرورت ہوتی ہے۔ یہ درجہ اسی وقت حاصل ہوتا ہے جب انسان مکمل ہو جاتا ہے اور اپنے وجود کو فنا فی اللہ کر دیتا ہے جب اس کا اول اور آخر مقصود صرف اللہ اور اس کی خوشنودی رہ جائے اور سچا رجوع بھی اسی وقت ہوتا ہے کہ انسانی رضا اللہ تعالیٰ کی رضا سے مل جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرماتا ہے اور اسے وہ نفس کی حالت عطاء ہوتی ہے جس کا نام مطمئنہ ہے۔ حضرت بانی سلسلہ فرماتے ہیں:-

جیسے پانی اوپر سے گزرتا ہے اسی طرح خدا تعالیٰ کی محبت انسان کے رگ و ریشہ میں سرایت کر جاتی ہے اور وہ خدا کی ہی محبت سے جیتا ہے اور غیر اللہ کی محبت جو اس کے لئے جلانے اور جہنم پیدا کرنے والی ہوتی ہے جل جاتی ہے اور اس کی جگہ ایک روشنی اور نور بھر دیا جاتا ہے۔ اس کی رضا اللہ تعالیٰ کی رضا اور اللہ کی رضا اس کا منشا ہو جاتا ہے۔ خدا کی محبت ایسی حالت میں اس کے لئے بطور جان ہو جاتی ہے۔ جس طرح زندگی کے لئے لوازم زندگی ضروری ہیں اس کی زندگی کے لئے خدا اور صرف خدا کی ہی ضرورت ہوتی ہے"۔

بعض حکماء نے روحانیت کو زندگی کی اعلیٰ ترین اقدار کا نام دیا ہے اور بعض اس کا اطلاق ان اشخاص پر کرتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی عین اس کے مطابق ایسی ڈھال لی ہو جسے اللہ تعالیٰ نے انسانی مقصد حیات قرار دیا ہے اور انہی اصولوں پر وہ کاربند ہوں۔ اور یہ صرف اسی وقت ممکن ہو سکتا ہے جب انسان وہ حقیقی انقلاب اپنی زندگی میں لائے۔ جہاں اس کا قبلہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کی رضا ہو جائے اور اللہ تعالیٰ کی رضا ہی اس کا مقصد ہو جائے اور نیکیاں اس سے اس طرح سرزد ہوں جیسے یہی اس کی خصلت ہیں اور خدائی نور نے اس کا احاطہ کیا ہوا ہو۔ اور اس کی رضا کے عطر کی خوشبو اس کے روئیں روئیں میں بس گئی ہو اور ارد گرد ماحول کو بھی معطر کر رہی ہو۔ تب اسے خدا تعالیٰ کی طرف سے آواز آتی ہے کہ اے مطمئن نفس اپنے رب کی طرف چلا آ وہ تجھ سے راضی اور تو اس سے راضی۔ خدا کا آواز دینا ہی ہے کہ درمیانی حجاب اٹھ گیا اور بُعد نہیں رہا۔ یہی متقی کا انتہائی مقام ہے۔

یہاں ایک سوال اٹھتا ہے کہ کیا روحانیت کا مقام صرف اہل ایمان کو ہی حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ برہمو بھی اللہ تعالیٰ کو مانتا ہے اور اپنے طریق پر اس کی عبادت بھی کرتا ہے۔ یہودی بھی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے قائل ہیں۔ یہ لوگ صدقہ خیرات بھی دیتے ہیں۔ نیکیاں بھی بجالاتے ہیں۔ خدا کو اپنے طور پر یاد کرتے ہیں اور عین ممکن ہے کہ ان میں سے بہت سے ایسے ہوں جو بڑی عقیدت اور اخلاص سے اعمال بجالاتے ہوں۔ پھر ان میں اور اہل

باقی صفحہ ۷ پر

عبدالباسط شاہد

کہتی ہے خلق خدا

حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی وفات پر حضرت مولانا نورالدین جماعت کی قیادت وامامت کی مسند پر فائز ہوئے۔ آپ بے شمار خوبیوں اور صفات سے متصف تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو غیر معمولی وجاہت سے نوازا تھا۔ اپنے اور پرائے آپ کے معتقد ومداح تھے۔ ۱۹۱۴ء میں آپ کی وفات پر ملکی پریس نے آپ کو شاندار خراج تحسین پیش کیا۔ چند اقتباس درج ذیل ہیں:-

اخبار "زمیندار" لاہور لکھتا ہے:-

......اگر مذہبی عقائد سے قطع نظر کر کے دیکھا جائے تو بھی مولانا حکیم نورالدین کی شخصیت اور قابلیت ضرور اس قابل تھی کہ تمام مسلمانوں کو رنج و افسوس کرنا چاہئے کہا جاتا ہے کہ زمانہ سو برس تک گردش کرنے کے بعد ایک باکمال پیدا کیا کرتا ہے۔ الحق اپنے تبحر علم و فضل کے لحاظ سے مولانا حکیم نورالدین بھی ایسے باکمال تھے۔ افسوس ہے آج ایک زبردست عالم ہم سے ہمیشہ کے لئے جدا ہو گیا ہے۔ ہمیں اس حادثہ کے الم افزا میں اپنے احمدی دوستوں سے جن کے سروں پر غم والم کا پہاڑ ٹوٹ گرا ہے دلی ہمدردی ہے ہماری دعا ہے کہ ارحم الراحمین مولوی حکیم نورالدین کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے عقید تمندوں اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے"۔

(زمیندار ۱۶۔ مارچ ۱۹۱۴ء)

"کشمیری میگزین" اپنی اشاعت ۲۱ مارچ ۱۹۱۴ء میں رقمطراز ہے:-

نہایت رنج اور افسوس سے لکھا جاتا ہے کہ حکیم حافظ مولوی نورالدین صاحب جو بلحاظ عقائد جماعت احمدیہ کے (امام جماعت) بلحاظ علم و فضل (-----) مایہ ناز اور بلحاظ ہمدردی عوام انسانیت کے لئے مایہ افتخار تھے کچھ عرصہ کی علالت کے بعد دوپہر دو بجے قادیان میں انتقال فرما گئے ہیں...... حقیقت یہ ہے کہ مولوی نورالدین جیسا قابل فرزند ہندوستان...... میں ایک عرصہ کے بعد پیدا ہو سکے گا"

اخبار "مسافر آگرہ" نے اس افسوناک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھا:-

"گو اصولاً ہمارے اور ان کے خیالات میں اتنا ہی فرق تھا جتنا کہ قطب جنوبی اور قطب شمالی کے درمیان ہے لیکن پھر بھی یہ نہ کہنا دیانت کا خون کرنا ہو گا کہ وہ راسخ الاعتقاد ایماندار نیک آدمی تھے۔ علاوہ ازیں ہم جانتے ہیں کہ ان کے دل میں اشاعت (دین حق) کا بڑا درد اور قرآن شریف کے پڑھنے پڑھانے سے خاص محبت تھی اور مرنے سے چند یوم پہلے تک برابر دونوں کام سرانجام دیتے رہے"

(مسافر آگرہ ۲۰۔ مارچ ۱۹۱۴ء)

اخبار مشرق نے اپنے تعزیتی نوٹ میں لکھا:-

احمدی سلسلہ میں (امام جماعت) اپنے تبحر علمی اور زہد واتقا کی خوبیوں سے نہایت محترم اور (دین حق) کے محاسن اور ان کی اشاعت میں کوشاں تھے۔ ان کی زندگی میں ہزارہا ایسے موقعے آئے کہ ان کی آزمائش ہوئی اور انہوں نے صداقت کو کبھی ہاتھ سے جانے نہ دیا اللہ تعالیٰ نے جو فضل و کرم اور ثمرہ اعتماد و صبر انہیں بخشا تھا...... اس سے دل پر نقش ہوتا ہے کہ وہ ایک سچے خدا پرست اور پکے موحد تھے اور ان کی زندگی (دین حق) کے پاک نمونہ پر بسر ہوئی۔ وہ صرف پیشوا نہیں تھے بلکہ اعلیٰ درجہ کے طبیب بھی تھے اور اعلیٰ درجہ کی کتابوں کے فراہم کرنے اور خلق اللہ کو فائدہ پہنچانے کا خاص ذوق تھا"

(اخبار مشرق ۱۷۔ مارچ ۱۹۱۴ء)

اس زمانہ کے مشہور اخبار وکیل نے حضرت مولانا کی وفات پر لکھا:-

"فرقہ احمدیہ کے ممتاز ترین رکن اور مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے جانشین تھے۔ آپ کے علم و فضل کا ہر شخص معترف تھا اور ان کے حلم و بردباری کا عام شہرہ تھا۔ ان کی روحانی عظمت و تقدس کے خود مرزا صاحب بھی قائل تھے"۔

"کرزن گزٹ" کے مدیر صاحب نے حضرت مولانا سے ریاست جموں و کشمیر میں زمانہ قیام سے ذاتی واقفیت کا ذکر کرنے کے بعد انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے لکھا:-

"آپ کو چھ سو سے سات سو تک اخیر دم تک تنخواہ ملتی رہی۔ آپ تعجب سے سنیں گے کہ اس تنخواہ کا بڑا نہایت سیر چشمی اور فیاضی سے طلبا پر آپ خرچ کر دیا کرتے تھے...... آپ نے اپنی عمر میں صدہا بے خانماں اور غریب طلبا کو پرورش بھی کیا اور پڑھا بھی دیا۔ شیخ صاحب...... پلیڈر علی گڑھ۔ اور ایڈیٹر رسالہ خاتون آپ ہی کے پروردہ (------) ہیں۔ شیخ صاحب پہلے کشمیری پنڈت تھے۔ حکیم صاحب نے انہیں (موحد) بھی کیا اور پڑھایا لکھایا بھی یہاں تک کہ علی گڑھ کی تعلیم کا خرچ بھی برابر اٹھاتے رہے۔ غرض یہ ہے کہ طبیعت میں ایثار کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ آپ کی زندگی کے دو ہی بڑے بڑے مذاق تھے۔ ایک طلبا کی پرورش و تعلیم دوسرے نادر الوجود کتابوں کا جمع کرنا...... آپ بہت ہی منکسر المزاج اور خلیق تھے۔ ساتھ ہی ہر ایک کام سچائی اور راستبازی سے کرتے تھے...... آپ کی دینی علوم کی مہارت اور عربی قابلیت مسلم تھی۔ آپ اپنے عہدہ کے فرائض کی ادائیگی کے بعد طلبا کو بخاری اور مسلم کا سبق بھی دیا کرتے تھے۔ آپ کی واقفیت مذہبی بہت بڑھی ہوئی تھی"

(کرزن گزٹ ۲۳۔ مارچ ۱۹۱۴ء)

رسالہ البلاغ نے "الوداع اے نورالدین" کے عنوان سے ایک مبسوط مقالہ لکھا اس کی چند سطور درج ذیل ہیں:-

"......ایک ایسی شخصیت جو وسعت علمی کے ساتھ زہد و تورع کے علمی مظاہر کا گنجینہ تھی اب ہم میں نہیں ہے۔ معارف دینیہ اور حقائق طیبہ کے ساتھ ایک پر وسعت مطالعہ کے امتزاج نے جو صحف آسمانی سے لیکر عام افسانوں پر محیط تھا نورالدین کو ایک ایسی اوج نظر پر فائز کر دیا تھا جہاں نوع انسان کے جذبات کا طلسم سر آشکار ہو جاتا ہے۔ یہی باعث تھا کہ اس کے معانی پرور تکلم کا ایک ہلکا سا تموج کسی مخالف کی فسوں پرور بلند آبگینوں پر مہر سکوت بن جاتا تھا......"

(رسالہ البلاغ جولائی ۱۹۱۴ء)

اخبار "طبیب" دہلی آپ کے بعض نمایاں صفات کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:-

"افسوس کہ ہندوستان کے ایک مشہور و معروف طبیب مولوی (---) حکیم نورالدین صاحب جو علوم دینیہ کے بھی تبحر عالم باعمل تھے اور جماعت احمدیہ کے محترم پیشوا...... حکیم صاحب مغفور بلالحاظ احمدی وغیر احمدی یا مسلم و غیر مسلم سب کے ساتھ شفقت علیٰ خلق اللہ کا ایک اعلیٰ نمونہ تھے۔ آپ کے طریق علاج میں یہ چند باتیں خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔

یار و اغیار۔ مومن و کافر سب کو ایک نظر سے دیکھنا۔ طب یونانی و ویدک کے علاوہ مناسب موقعہ پر ڈاکٹری مجربات سے بھی ابنائے ملک و ملت کو مستفید فرمانا۔ بعض خطرناک امراض کا علاج قرآن شریف سے استخراج کرنا۔ دوا کے ساتھ دعا بھی کرنا۔ علاج معالجہ کے معاملہ میں کسی کی دنیوی وجاہت سے مرعوب نہ ہونا۔ مریضوں سے مطلق طمع نہ رکھنا اور آپ کا اعلیٰ درجہ کا توکل و استغنا۔ نادار مستحق مریضوں کا نہ صرف علاج مفت کرنا بلکہ اپنی گرہ سے بھی ان کی دستگیری و پرورش کرنا خصوصاً طلبا قرآن و حدیث و طب کی۔ خدا تعالیٰ حکیم صاحب (------) کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرماوے"۔

بقیہ صفحہ ۶

ایمان میں کیا فرق رہ جاتا ہے۔ ان میں سے کئی ایسے ہیں جن کی دعا کو اللہ تعالیٰ قبول بھی فرمالیتا ہے۔ یہاں جو مابہ الامتیاز ہے وہ صرف یہی رہ جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے قرب کا ثبوت امتیازی نشانوں سے دکھایا جائے۔ جب بھی وہ مقابل پر آئیں گے اللہ تعالیٰ ہمیشہ فتح دین حق کے ہی پیروکاروں کو دیگا جو زندہ مذہب کے ماننے والے ہیں اور زندہ کتاب پر ایمان لاتے ہیں باقی مذاہب کی نصرت سے اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا ہے۔ باقی اس کی رب العالمین کی صفت ازل سے جاری ہے اور ابد تک جاری رہیگی۔

ہر قسم کے زیورات کا مرکز
شریف گولڈ سمتھ
اقصیٰ روڈ ربوہ فون: 649

بدہضمی، گیس، پیٹ درد
اور پیٹ کی روزمرہ کی تکالیف کیلئے بفضلہ تعالیٰ
بہت مفید ہومیوپیتھک دوا
ڈائی جیسٹین DIGESTINE
قیمت -/15 روپے
کیور ٹو میڈیسن کمپنی (ڈاکٹر رلیہ ہومیو) گولبازار ربوہ
فون: 04524-771, 04524-211283
فیکس 04524-212299

نظر کی عینکیں دھوپ کے چشمے ہر قسم کے لینز دستیاب ہیں۔ دور و نزدیک سے کم نظر آئے یا سر درد ہو تو نظر کا معائنہ مفت کروائیں
سٹینڈرڈ آپٹیکل سروس
بانو بازار سیالکوٹ
فون: 556707

ہمارے ہاں سے واش بیسن فلش پاٹ موٹر پمپ بارعایت خریدنے کیلئے تشریف لائیں
ملک اینڈ سنز سینٹری ویئر
پروپرائیٹر: ملک تنویر احمد، مین بازار وزیر آباد
فون دکان: 04837-196 رہائش: 04837-852

ہر قسم کی زنانہ مردانہ ورائٹی خریدنے کیلئے تشریف لائیں
شہزاد کلاتھ ہاؤس
فون: 54669 مین بازار شیخوپورہ
امتیاز احمد شیخ۔ طاہر محمود

ضروری اطلاع

بیماریوں کو چھپانا اور علاج سے غفلت کوئی اچھی بات نہیں۔ بیرون جات کے مریض اپنی بیماری کی تفصیل لکھ کر دوا منگوا سکتے ہیں۔ ہماری دوائیں مؤثر اور قیمتیں مناسب، اپنا ایڈریس صاف لکھیں تو ہم دوائی وی پی پارسل کر دیں گے۔

مینجر **دواخانہ خدمتِ خلق ربوہ**
فون: 659

ہر قسم کی ڈیکوریشن ہنڈی کرافٹ دستیاب ہے

مشتاق کراکری سٹور

تحصیل بازار سیالکوٹ شہر

غیر ملکی کرنسی کی تبدیلی و زیورات کا مرکز

بشیر ماڈرن جیولرز

مین بازار ڈسکہ فون: 2159

اکبر احمد سندھی بدوملہی والے **کریانہ مرچنٹ**

قلعہ کالروالا (سیالکوٹ) فون: 83

منیر کریانہ سٹور بدوملہی روڈ قلعہ کالروالا

پروپرائیٹر: ساجد مقصود (سیالکوٹ)

غیر ملکی کرنسی کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
خالص سونے اور چاندی کے زیورات کا مرکز

عابد جیولرز مین بازار ڈسکہ

فون: دکان 3871
رہائش 2571

پروپرائیٹر: انشاء اللہ خاں صراف

ڈیلر: سنگر سلائی مشین، سلیقہ سلائی مشین
ممتاز فین، نیشنل فین، الیکٹرک اینڈ گیس کی مصنوعات

محمد ابراہیم عابد اینڈ سنز مین بازار ڈسکہ

بانی: محمد ابراہیم عابد

ڈیلر: • ائیر کنڈیشنرز • ریفریجریٹرز • ڈیپ فریزر • ائیر کولر • کوکنگ رینج • الیکٹرک اینڈ گیس واٹر ہیٹر • روم ہیٹر • واشنگ مشین • سٹیبلائزر اینڈ ہوم اپلائنسز

خواجہ رشید سنز

ٹرنک بازار
سیالکوٹ

فون دکان: 0432-556576

LOVE FOR ALL ★ HATRED FOR NONE

شیخوپورہ میں معیاری سونے کے اعلیٰ زیورات کا مرکز

نیو فرحت علی جیولرز سول کوارٹرز روڈ شیخوپورہ

فون: دوکان 51245
PP 53539

پروپرائیٹر: چوہدری غلام سرور طاہر آف شیخوپورہ اینڈ سنز

MANUFATURERS AND EXPORTERS OF LEATHER GARMENTS, SPORTS GLOVES, SOCCER BALLS, SPORTS WEARS & BELTS



HEAD OFFICE

GAGA SPORTS
G.P.O. BOX. No. 136, Sialkot-51310, Pakistan.
Tel, Fax: 0092-432-557714.

GERMANY OFFICE

